اعداد و شمار سے متعلق چند باتیں

مالی استحکام کا جائزہ میں مالی شعبے کے مختلف اجزا کی کارکردگی کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس رپورٹ میں دو قسم کی اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں یعنی کیلنڈر سال کو (جسے انگریزی میں CY سے ظاہر کیا گیا ہے) صرف 2012ء یا 2013ء وغیرہ لکھا گیا ہے جبکہ Financial Year اور Fiscal Year کو (جسے انگریزی میں FY سے ظاہر کیا گیا ہے) مالی سال لکھا گیا ہے۔

یہ جائزہ ہر جز کے آڈٹ و غیر آڈٹ شدہ کھاتوں میں دیے گئے اعداد و شمار پر مبنی ہے، جسے ذیل میں دیا گیا ہے:

☆ بینکوں (روایتی اور اسلامی)، ترقیاتی مالی اداروں، خرد مالکاری بینکوں، مالی بازاروں، میوچل فنڈز، نظام ہائے ادائیگی اور بیمہ صنعت کے اعداد و شمار 30 جون 2013ء کو ختم ہونے والی مدت کے ششماہی اکاؤنٹس پر مبنی ہیں۔

☆ غیر بینک مالی کمپنیوں بشمول اجارہ، سرمایہ کاری مالی کمپنیوں اور مضاربہ کے اعداد و شمار جون 2013ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس پر مبنی ہیں۔